سوال

(139) نماز عیدین وجمعے کے بعد معانقہ ومصافحہ کرنے کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد نماز عیدین کے اور بعد نماز جمعہ کے مصافحہ اور معانقہ کرنا حدیث سے ثابت ہے یا نہیں؟ جواب مع دلیل تحریر فرمائیے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصافحہ عند الملاقات عموماً حدیث سے ثابت ہے اور معانقہ عند قدوم المسافر بھی حدیث سے ثابت ہے۔ اس بارے میں کوئی حدیث میری نظر سے نہیں گزری ہے کہ بالخصوص بعد نماز عیدین اور جمعہ کے مصافحہ معانقہ کرنا چاہیے ہاں اگر بعد نماز عیدین اور جمعہ کے کسی سے ملاقات ہو تو مصافحہ کرے اسی طرح اگر مسافر بعد نماز عیدین اور جمعہ کے آجائے تو اس سے معانقہ کرے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الصلاۃ، صفحہ: 300

محدث فتویٰ